



# نصاب خد مت خلق

2024








Humanity First
Serving Mankind











حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں۔

یہ کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض للہ مشغول رہے گا اور جہاں تک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچائے گا۔

# لائحہ عمل

- خدمت خلق کے تحت Give a day کے نام سے ایک پراجیکٹ شروع کیا جارہا ہے

اس پراجیکٹ کا مقصد لجنہ کو مہینہ میں ایک دن انسانیت کی خدمت کے لئے خود کو وقف کرنے کی طرف راغب کرنا ہے۔ اس پراجیکٹ میں سب سے پہلے مجلس میں موجود نیشنل عاملہ ممبرات، مقامی صدر، سیکرٹری خدمت خلق اور لوکل عاملہ اپنا نمونہ پیش کریں اور پھر دوسری لجنہ کو بھی اس میں شامل کریں۔ یہ پراجیکٹ ریجنل صدرات کی زیر نگرانی ہو گا۔ اور وہ اپنے ریجن میں موجود مجالس میں سے ممبرات لے کرے ایک ریسیرچ ٹیم بنائیں گی ان ٹیم کی ممبرات پہلے سیرچ کریں گی کہ اس پراجیکٹ کے تحت کن کن جگہوں پر لجنہ انسانیت کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو پیش کر سکتی ہے۔ اس پراجیکٹ پر بذریعہ پریزینٹیشن روشنی ڈالی جائے گی۔

- چیرٹی واک اور چیرٹی اسٹال

چیرٹی واک اور چیرٹی اسٹال کے لئے کوشش کریں۔ لوکل تنظیمیں بھی اس کام میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ آپ جس چیرٹی ادارے کے لئے یہ کام کریں وہ ایسا ادارہ ہونا چاہئے جو اسکی تیاری اور انعقاد میں آپ کیبھرپور مدد بھی کرے۔

- فرسٹ ایڈ اور سیلف ڈیفینس کی ٹریننگ دی جائے۔

عطیہ خون دینے کی طرف بھی لجنہ کو راغب کریں۔

- کمپیوٹر کلاس گزشتہ سال کی طرح اسی نصاب کے مطابق لگائی جائے۔

کوئی نہ کوئی ہنر سکھانے کا انتظام کریں۔ جیسے کوکنگ، بیکنگ، سلائی کڑہائی وغیرہ

بوڑھی، بے سہارا، بیوگان اور معذور کا خیال رکھیں۔

الزجاجہ کے تحت لجنہ کو پڑھائی میں ضرورت مند اسٹوڈینٹ کی مدد کی طرف راغب کریں۔

- اپنی اپنی مجالس میں مریم شادی فنڈ، عید اور موسم کی مناسبت سے عمدہ اور نئی حالت والے کپڑے اکٹھے کر کے پاکستان جانے والے افراد کے ہاتھ ہیومینٹی فرسٹ کو پہنچانے کا اہتمام کریں تا کہ اصل حقداروں تک یہ کپڑے بروقت پہنچ جایا کریں۔

- ہر سہ ماہی میں ایک دن یوم صفائی منایا جائے، اس دن لجنہ سے مشن ہاؤسسز، نماز سنٹرز کی بہت باریکی کے ساتھ صفائی کروائی جائے۔
- تحریکات مریم شادی فنڈ، یتامیٰ فنڈ، سیدنا بلال فنڈ اور صدقہ و خیرات کی طرف ممبرات کو راغب کیا جائے اور نصاب میں موجود ان تحریکات کا تعارف اجلاس میں پڑھا جائے۔
- ہیومینٹی فرسٹ کے تحت دنیا میں ہونے والے ناگہانی حادثات پر گاہے بگاہے جماعت کی طرف سے ہونے والی تحریک پر لجنہ کا آگاہ کرنا۔ اور اس میں حصہ ڈالنے کی طرف توجہ دلانا۔
- مستحق افراد اور رشتہ داروں کی مالی مدد کریں۔

ہمسایوں کے کام آئیں۔

- اگر کسی گھر میں فوتگی ہو جائے تو تعزیت کے لئے جائیں اور کھانا پہنچانے کا اہتمام کریں۔

بیمار، بزرگ، معذور اور بے سہارا لوگوں کی مدد کے مواقع تلاش کریں،

شعبہ صحت جسمانی کے ساتھ مل کر مختلف پروگرامز پر میڈیکل کیمپ کا اہتمام بھی کریں۔

# تحریک یتامیٰ فنڈ

قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے کہ وَ یُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسۡکِیۡنًا وَّ یَتِیۡمًا وَّ اَسِیۡرًا (الدھر۔ آیت ۹)

وہ کھانے کو اس کی چاہت کے ہوتے ہوئے وہ یتیموں اور مسکینوں اور اسیروں کو کھلاتے ہیں۔ پس یہ لوگ ہیں جو خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے قربانی کرتے ہیں۔ معاشرے کے محروم طبقہ کے کھانے کا انتظام کرتے ہیں۔ اور کھانے کا انتظام کیا ہے؟ اس کی تربیت اور پرورش کا انتظام تعلیم کا انتظام اور باوجود اس کے کہ وہ خود ضرورت مند ہوتے ہیں یا بہتر مالی حالت کی خواہش رکھتے ہیں۔ اور گو کہ مناسب گزارہ ہو رہا ہوتا ہے۔ حالات اتنے اچھے نہیں ہوتے لیکن وہ قربانی کرتے ہوئے یتیموں کا حق ادا کرتے ہیں۔ حدیث میں آتا ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جس نے تین یتیموں کی کفالت کی وہ اس شخص کی طرح ہو گا جو قائم باللیل اور صائم النہار ہو اور اس نے صبح و شام اللہ کی راہ میں تلوار سونتے ہوئے گزاری ہو۔ میں اور وہ جنت میں دو بھائیوں کی طرح ہوں گے۔ جیسے یہ دو انگلیاں ہیں اور آپ نے اپنی شہادت والی انگلی اور درمیانی انگلی کو باہم ملا لیا۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الادب باب حق الیتیم

اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ پاکستان میں یکصد یتامیٰ کمیٹی کام کر رہی ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۱۹۸۹ میں جوبلی سال میں شکرانے کے طور پر یہ تحریک فرمائی تھی کہ ہم سو یتیموں کا خیال رکھیں گے۔ اب اس کے کام میں بہت وسعت پیدا ہو چکی ہے اس وقت پاکستان میں بجائے ۱۰۰ کے ۵۰۰ خاندان کے دو ہزار سات سو یتیم بچے ہیں۔ (یہ اعداد و شمار ۲۰۱۰ کے ہیں)

۲۶ فروری ۲۰۱۰ کو میں یتامیٰ فنڈ میں شدّت سے اضافہ کی حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ ضرورت کے پیش نظر فرماتے ہیں کہ

آج ان تمام احمدی پاکستانیوں کو جو امریکہ، کینیڈا اور یورپ یا انگلستان میں رہتے ہیں یہ تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ اس تحریک میں حصہ لیں اور یہ ہر احمدی گھر کے افراد کے حساب سے فی کس سات سے دس پاؤنڈ سالانہ دیں۔ ماہانہ نہیں۔۔ سالانہ دس پاؤنڈ بھی دیں تو پاکستان میں ان یتامیٰ کا ایک بہت بڑا بوجھ سنبھال سکتے ہیں۔ جن کی کفالت یتامیٰ کمیٹی کر رہی ہے۔ یہاں رہنے والوں

کے لئے تو سال میں دس پاؤنڈ ایک معمولی رقم ہے لیکن اگر گھر کا ہر فرد دینے والا ہو اور جو مخیّر حضرات ہیں وہ اس سے زیادہ بھی دے سکتے ہیں تو یہ دس پاؤنڈ کئی یتیموں کے روشن مستقبل میں بڑا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

لجنہ اما اللہ بیلجیئم نے ۲۰۱۴ میں یتامیٰ فنڈ پاکستان کے لئے ایک یتیم کی پرورش کے لئے پراجیکٹ پر کام شروع کیا۔ اور اس طرح لجنہ جو اس میں شامل ہونا چاہتی ہیں ان کے لئے ۲۵ یورو ماہانہ اور ۳۰۰ یورو سالانہ کی رقم رکھی گئی۔

## مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفتہ المسیح الرابعؒ نے خطبہ جمعہ ۲۱ فروری ۲۰۰۳ کو اپنی والدہ کی یاد میں اور ان کی روح کو ثواب پہنچانے کی خاطر غریب بچیوں کی شادیوں کے لئے مناسب امداد کا انتظام کرنے کا اعلان کیا کہ جن کی بیٹیاں بیاہنے والی ہیں اور انہیں مدد کی ضرورت ہے۔ حسب توفیق انہیں اپنی طرف سے کچھ پیش کرتا ہوں۔

حضور نے اپنے اگلے خطبہ میں اس کے نام کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ جو کمیٹی اس پر کام کر رہی تھی ان کا مشورہ قبول کرتے ہوئے اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھا گیا ہے۔ امید ہے اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔ کسی غریب ماں باپ کو یہ دکھ نہیں رہے گا کہ ہم نے اپنی بیٹی کو کچھ نہیں دیا۔

# تحریک سیّدنا بلال فنڈ

اسیران اور شہدا کے لواحقین کی ضروریات پوری کرنے اور انہیں ان کے پاؤں پہ کھڑا کرنے کے لئے حضرت خلیفتہ المسیح الرابعؒ نے ۱۴مارچ ۱۹۸۷کو ایک فنڈ سیّدنا بلال فنڈ سے قائم فرمایا۔

حضرت خلیفتہ المسیح الخامس ایدّہ اللہ تعالیٰ بنسرہ العزیز اپنے خطبات اور عید کے مواقع پر بارہا اس تحریک کی طرف توجہ دلا چکے ہیں آپ فرماتے ہیں کہ جو شہدا کی فیملیز کی ضروریات پوری کرنے کے لئے کچھ دینا چاہتا ہے وہ سیّدنا بلال فنڈ میں حصہ ڈالے۔

# ہیومینٹی فرسٹ


انسانیت کی خدمت کی خاطر حضرت خلیفتہ المسیح الرابعؒ نے متعدد سکیمیں شروع کیں۔ جن میں ایک ہیومینٹی فرسٹ چیرٹی ہے۔ جس کی بنیاد ۱۹۹۳ میں رکھی گئی۔ انسانیت کی بہبود کے لئے یہ ایک فعّال اور مستعد رفاہی تنظیم ہے، جس کے ذریعہ دنیا بھر میں آفت زدگان اور نادار افراد کو خوراک، لباس، ادویات، عطیات خون اور ضرورت کی دوسری مختلف اشیا مہیا کی جاتی ہیں۔ پسماندہ ممالک میں کوئی ہنگامی صورت حال ہو کسی بھی علاقہ میں بلائے ناگہانی ہو، انسانی تباہ کاری ہو یا قدرتی آفات۔ ہیومینٹی فرسٹ اپنی امداد سمیت وہاں موجود ہوتا ہے

## WORD

1. Making a Table

| | |
|---|---|
| | |

2. Adding pictures





3. Adding page Numbers




4. Convert word to pdf




5. How to copy paste




## 6. How to take a screenshot






## 7. How to download Urdu keyboard




# POWERPOINT


## 1. Choosing a design





## 2. Adding pictures/tables




## 3. Making charts




## 4. Adding audio/video




## Gmail


1. Add Attachement



2. Organise your Emails with Labels




3. Changing password




## Google Drive

1. How to add a document
2. How to search for a document

## Excel

1. Creating a spreadsheet
2. Computations: subtracting, multiplying, adding
3. Formatting column text and titles
4. Adding or deleting columns, rows
5. Creating charts and graphs


ANTIBIOTIC OINTMENT
ANTISEPTIC WIPES
TRIANGULAR BANDAGE
PLASTERS
INSTANT COLD PACK
FIRST AID
LAJNA IMAILLAH BELGIUM
ASPIRIN
STERILE GAUZE PADS
EYE DROPS
EYE DROPS
EYE DROPS
FIRST AID
EMERGENCY MANUAL
HYDROCORTISONE


CPR




## WOUND CARE




## CHOKING



## RECOGNIZING HEART ATTACK/STROKE







## BUG BITES AND STINGS



ALLERGIC REACTION

